نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: مارسیا اینگلارل

افسر امور عامہ

فون: ۰۳۰۰۸۵۸۷۹۱۵

۲۱ مئی ۲۰۱۲ء

برائے فوری اجراء

۲۰۱۲/۶۶

کامیابی کے خواب

خیبر پختونخوا کی طالبات کی انگریزی زبان کے امریکی پروگرام کی کامیاب تکمیل

پشاور (۲۱ مئی ۲۰۱۲ء) ___ امریکی قونصل جنرل ڈاکٹر میری رچرڈز نے آج قبائلی علاقوں کی ۱۲۵ غیر مراعات یافتہ طالبات کو آئی ایم سائنسز یونیورسٹی میں امریکہ کے مالی تعاون سے جاری انگریزی زبان کا اسکالرشپ پروگرام کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد دی۔ اس اسکالرشپ پروگرام کے تحت طالبات گروپ کو دو سال تک اسکول اوقات کے بعد پڑھائی اور موسم گرما کی تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا بھرپور موقع فراہم کیا گیا۔

ڈاکٹر میری رچرڈز نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان طالبات کی نہ صرف لسانی مہارتوں کی ترقی بلکہ ان میں پیدا ہونے والے اعتماد کے اور مستقبل کے بارے میں ان کی توقعات کا مشاہدہ کرنا بہت متاثر کن ہے۔

پروگرام کی رابطہ کار زینب عظمت نے کہا کہ اس پروگرام کی کامیابی کو مختصر الفاظ میں ایک طالبہ کی بات کا حوالہ دیتے ہوئے بیان کیا جاسکتا ہے جس نے کہا تھا کہ پہلے اسے اپنی زندگی میں کسی بہتری کی کوئی امید نہیں تھی لیکن ایکسیس پروگرام میں شریک ہونے کے بعد اب وہ ایک کامیاب زندگی کے خواب دیکھتی ہے اور نئی راہوں پر رواں دواں ہے۔

حکومت امریکہ خیبر پختونخوا میں انگریزی زبان کے پانچ اسکالرشپ پروگراموں کیلئے اعانت فراہم کر رہی ہے جس سے ۵۰۰ طلبا و طالبات مستفید ہو رہے ہیں۔

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔